# News of the Sports

April 06 , 2018

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان




# کامن ویلتھ گیمز؛ پاکستان کا ویٹ لفٹنگ میں پہلا میڈل

## طلحہ طالب نے سنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھا کر گیمز میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا، ہاکی میں میچ برابر، سکواش میں مینز سنگلز کا سفر ختم، بیڈمنٹن میں پاکستان کو شکست کا سامنا

لاہور، کراچی، اسلام آباد (سپورٹس رپورٹرز) 21ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز میں نیا ریکارڈ قائم کردیا کریرا اسپورٹس سینٹرا میں ہونے والے ایونٹ میں طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی کیلئے برونز میڈل حاصل کیا اس موقع پر موجود پاکستان اولمپک ایسوی ایشن کے صدر لیفٹننٹ جنرل ( ر) سیّد عارف حسن، سیکریٹری جنرل پی او اے محمد خالد محمود اور قومی دستے کے چیف ڈی مشن لیفٹننٹ جنرل ( ر) مزّمل حسین نے میڈل جیتنے پر قومی ویٹ لفٹر کو مبارکباد پیش کی۔






Commonwealth Games 2018 Bronze Medalist & New Games Record Holder Talha Talib (PAK)
Wih his Coach Ali Aslam Chaudhry & Muhammad Ilyas Butt

FOUNDED BY QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH
DAWN

# Pakistan's Talha Talib bags bronze in CW Games weightlifting event

GOLD COAST: Pakistan's promising 18-year old weightlifter Talha Talib grabbed a bronze medal in the men's 62kg snatch category of the XXI Gold Coast 2018 Commonwealth Games when he lifted 132kg to create a new record here on Thursday.

Talib, who had won a gold medal at the 2016 Commonwealth Youth Championships held at Penang, Malaysia in 2016 and was declared the Best Youth Weightlifter besides also winning a silver medal at the 2015 Commonwealth Youth Games in Samoa, finished his weight category with 283kg at third position behind Malaysian Muhammad Azmil (288kg) and Moren Baru of Papus New Guinea with (285kg) respectively.

Talha made 127kg and 130kg in the first and second attempts before finishing the snatch at a record 132kg. He recorded 146kg, 151kg in the Clean & Jerk after make an aggregated total of 283kg.

Pakistan also got a steady start in boxing when Gul Zaib shocked William Le Poullain of Guernsey in 69kg weight. The bout continue for three rounds with both tied at first two rounds on points. It was a thrilling third round in which Gul Zaib while utilizing his 1 and 2 combinations of punches succeeded in securing win against his strong rival William.

With this win, Gul Zaib reached to the round of 32. He will now face Aidon Walsh of Northern Ireland in the pre-quarter-finals. Syed Muhammad Asif in 52kg will clash against Brain Agina of Kenya ion the Mens 52kg quarter-finals, Ali Ahmad in the 60kg will face Colum French of England in the Mens 60kg pre-quarter-finals, and Awais Ali Khan in the 81kg had earlier in the quarter-finals before taking a bye.

In squash played at Oxenford Squash Complex, Pakistan Farhan Zaman and Tayyab Aslam lost in the second round despite recorded first round wins while in women singles Faiza Zafar and Madina were beaten in the first round. Tayyab lost to Alan Clyne of Scotland 3-1, 6-11, 11-7, 11-9 and 11-7 while Farhan lost to James Willstrop of England in just 13 minute, the score was 11-5, 11-1 and 11-7.



GOLD COAST: Pakistan's weightlifter Talha Talib who won a bronze in the CW Games here on Thursday is seen with POA President Gen (retd) Arif Hasan, POA secretary Khalid Mahmood and chef de mission Muzammil Hussain

Farhan and Tayyab earlier recorded win in the first round. Farhan beat Joe Chapman of British Virgin Islands 3-1, 11-6, 9-11, 11-4 and 11-6. In the second match Tayyab beat Neville Sorrentino of British Virgin Islands, the score was 11-3, 11-4 and 11-4.

In the first match Deon Saffery of Wales defeated Madina Zafar 11-6, 11-4 and 11-6 while Donna Urquhart of Australia, having thundering support of local spectators, defeated Pakistans Faiza Zafar in straight set, the score was 11-4, 11-3 and 11-6.

In the Weightlifting 32-year-old Pakistans Abdullah Ghafoor failed to impress in the 56kg weight category and got sixth position behind Malaysian Muhammad Azray who grabbed first gold medal by making a snatch of 114kg in first and 117kg in second attempts.

Besides in Clean and Jerk he cleared 135kg in the first, 138kg in the second and 144kg in the third and decisive attempt to record an aggregated total of 261kg for the gold medal, followed by Gururaja of India with 107kg and 111kg in snatch and 138kg in clean and jerk with his total weight 249 took silver medal and Chaturanga Lakmal of Sri Lanka with his 110kg and 114kg in the snatch attempts and recorded 131kg and 134kg with an aggregated total of 248kg won bronze medals.

Pakistans Abdullah got sixth position with his 101kg in snatch and 126 in clean and jerk to make an aggregated total of 227kg. Pakistan fielded Talha Talib in 62kg, Abu Sufan in 69kg, Usman Amjad in 94kg and Muhammad Nooh in +105kg. In the opening day swimming event Muhammad Haseeb got sixth position in the second heat of 50m free style with his clock time 27.40sec. He will also compete in 100m free style, 50m and 100m back stroke while Bisma Khan is competing in the women 50m, 100m free style and 50m back stroke.

The athletics, shooting and wrestling events will be kicking off from Sunday, April 8, with 21-year-old Arshad Nadeem ready for a chance to show his skills in javelin throw.

In shooting event Ghurfan Adil will compete in the Mens 10 Air Rifle, M. Khail Aktar in 25m Rapid Fire Pistol, Aamer Iqbal in Mens Trap singles and along with M. Farruk Nadeem with double Trap and Usman Chand in Mens skeet event are somehow a medal hope along with wrestling and weightlifting.

In Badminton Pakistan lost to India and Scotland in their opening day matches. In mixed doubles India Satwik and N.Sikki beat M. Iran and Palwasha by 21-10 and 21-13 in 25m.

In Mens singles Srikanth beat Murad Ali Pakistan by 21-16 and 22-20 and in the Womens singles Sonia Nehwal beat Mahoor 21-7, 21-11. In the Men doubles Pranaav Chopra and Chirag Shetty beat Muhammad Imran and Murad Ali 21-9, 21-15 and in womens doubles Ashini and Ruthvika of India beat Mahoor and Palwasha by 21-06 and 21-10.

In the earlier match, Scotland beat Pakistan 5-0. In the mixed doubles Alexander Dunna and Eleanar O Donnell beat Murad Ali and Palwasha of Pakistan by 21-12 and 21-13, Kieran Merrilees overpowered Muhammad Irfan 21-6, 21-16 in the Mens singles, Kirsty Gilmour beat Mahoor Shehzad 21-6, 21-10 in 24m.

In womens singles, in Men's doubles Martin Cambell and Patrick Machugh beat Murad Ali and Muhammad Irfan by 21-8 and 21-10 in 21m while in the women's doubles Julie Machpherson and Eleanor O Donnell beat Mahoor and Palwasha Bashir 21-6, 21-4 in 20m. In the opening match of hockey Pakistan and Wales played a 1-1 draw. James Fartnam scored in the third session for Wales while Imran Butt tied the tally 1-1.—APP



GOLD COAST: Faiza Zafar of Pakistan hits a return against Australia's Donna Urquhart during their women's singles squash match at the Commonwealth Games here on Thursday—AFP

روزنامہ ایکسپریس




# طلحہ کے گلے میں برانز میڈل جگمگانے لگا

## ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام وزن اٹھا کر نیا گیمز ریکارڈ قائم کر دیا، کلین اینڈ جرک کی تیسری کوشش میں ناکام رہنے پر سونے کا تمغہ نہ جیت پائے

### تفصیلات کے مطابق

پاکستان کے ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا تاہم وہ گولڈ میڈل حاصل کرنے میں ناکام رہے، ان کی مہم کا اختتام برانز میڈل پر ہوا۔ کریرا اسپورٹس سینٹر میں طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھایا۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے طلحہ نے ایک برس قبل گولڈ کوسٹ میں ہی کامن ویلتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ اس بار انھوں نے پہلی کوشش میں 127، دوسری میں 130 اور پھر تیسری کوشش میں 132 کے جی وزن اٹھایا جو ان گیمز کا ریکارڈ ہے، مگر اس وقت انھوں نے سونے کا تمغہ جیتنے کا موقع گنوا دیا جب دوسرے کلین اینڈ جرک میں 151 کے جی اٹھانے کے بعد تیسری کوشش میں اس سے زائد وزن اٹھانے میں ناکام رہے۔ ملائیشیا کے ایزل بیڈائن نے 288 کے جی وزن کے ساتھ سونے اور پاپوا نیو گینی کے موریا بارو 286 کے جی سلور میڈل اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے۔ اس موقع پر موجود پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سیّد عارف حسن، سیکریٹری جنرل محمد خالد محمود اور قومی دستے کے چیف ڈی مشن لیفٹننٹ جنرل (ر) مزمل حسین نے کانسی کا تمغہ جیتنے پر قومی ویٹ لفٹر کو مبارکباد پیش کی۔




پاکستانی ویٹ لفٹر طلحہ طالب برانز میڈل دکھا رہے ہیں، انھوں نے اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام وزن اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا




Talha Talib with his Coach Ali Aslam Chaudhry

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

**06 April, 2018**



# ریاض پیرزادہ کی کانسی کا تمغہ لینے پر طلحہ طیب کو مبارک

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں جاری دولت مشترکہ کھیلوں کے ویٹ لفٹنگ 82 کلو گرام ایونٹ میں پاکستانی ویٹ لفٹر طلحہ طالب کو کانسی کا میڈل حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ جمعرات کو اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کھیلوں میں ملک کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں کو انعامات دینے کا اعلان بھی کیا۔ واضح رہے کہ سینچ لفٹنگ میں طلحہ طالب نے 283 کلو گرام وزن اٹھا کر ورلڈ ریکارڈ قائم کیا ہے۔




Men's 62kg

| Results - Snatch | | | B. Weight | Result |
|---|---|---|---|---|
| PAK | Talha TALIB | GR | 61.94kg | 132kg |
| PNG | Morea BARU | | 61.86kg | 127kg |
| MAS | Muhamad Aznil BIDIN | | 61.71kg | 126kg |
| SRI | THILANAKA WIRAJ | | 61.92kg | 124kg |
| NZL | Ianne GUINARES | | 61.89kg | 116kg |
| IND | Raja MUTHUPANDI | | 61.96kg | 116kg |
| CMR | Olivier Heracles MATAM MATAM | | 61.91kg | 113kg |
| FIJ | Poama QAQA | | 61.94kg | 113kg |

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

دولت مشترکہ گیمز

# طلحہ طالب نے پاکستان کو پہلا میڈل دلوا دیا

ہاکی میچ برابر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) دولت مشترکہ گیمز میں ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے پاکستان کو پہلا گولڈ میڈل دلوا دیا ہے۔ گولڈ کوسٹ میں جاری 21ویں دولت مشترکہ گیمز میں طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ کی 62 کے جی کیٹگری کے سنیچ ایونٹ میں حریف ویٹ لفٹرز سے 5 کلو زائد ریکارڈ 132 کلو وزن اٹھایا جب کہ کلین اینڈ جرک میں 151 کلوگرام سمیت مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے برانز میڈل کے حقدار قرار پائے۔ واضح رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز 2018 میں پاکستان کا پہلا میڈل ہے۔ دوسری جانب گولڈ کوسٹ کوئینز لینڈ آسٹریلیا 21ویں دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہونے والا ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا پہلے دو کوارٹرز میں دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کر سکیں، میچ کے دونوں گول تیسرے کوارٹر میں ہوئے، پاکستان کی جانب سے مبشر علی نے پنالٹی کارنر پر گول کرتے ہوئے ٹیم کو برتری دلائی جس کے بعد ویلز کی جانب سے روبرٹ ٹیپر لے نے گیند کو جال میں پہنچایا، اس کے بعد کوئی ٹیم گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی اور مقابلہ 1-1 سے برابر رہا قومی ٹیم اگلا میچ کل روایتی حریف بھارت کیخلاف کھیلے گی۔ سکواش ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی فرحان زمان اور طیب اسلم فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ آسٹریلیا میں شروع ہونے والے میگا گیمز کے ابتدائی روز سکواش مینز سنگلز ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی فرحان زمان نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برطانوی کھلاڑی جوئے چیمان کو سخت مقابلے کے بعد 6-11، 11-9، 11-4 اور 11-6 سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا، ایک اور میچ میں پاکستان کے طیب اسلم نے برطانیہ کے ہی نیولی سورٹینو کو 3-11، 4-11 اور 4-11 سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنائی، دوسرے راؤنڈ میں فرحان زمان کو انگلینڈ کے جیمز ولسٹروپ اور طیب کو سکاٹش کھلاڑی ایلن کلائن کا چیلنج درپیش ہوگا




گولڈ کوسٹ: دولت مشترکہ گیمز میں پاکستانی ویٹ لفٹر طلحہ طالب وزن اٹھاتے ہوئے جبکہ ان سیٹ میں وہ اپنا برانز میڈل دکھا رہے ہیں

روزنامہ دنیا




کامن ویلتھ گیمز

# پاکستان کیلئے طلحہ طالب نے پہلا میڈل جیت لیا

ویٹ لفٹنگ میں مجموعی 283 کلوگرام وزن اٹھا کر کانسی کا تمغہ حاصل کیا، ملائیشیا کے محمد ازنل بیدن نے گولڈ اور پاپوانیوگنی کے موریا بارو نے سلور میڈل اپنے نام کیا

مینز ہاکی ایونٹ میں پاکستان اور ویلز کا میچ 1-1 سے برابر، اسکواش میں فرحان زمان اور طیب اسلم کی اگلے مرحلے میں رسائی، بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ میں گرین شرٹس کو شکست

## طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کلووزن اٹھا کر وطن کیلئے پہلا تمغہ جیتا،

گولڈکوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے پاکستان کے لیے پہلا میڈل جیت لیا، اسکواش ایونٹ میں فرحان زمان اور طیب اسلم اگلے راؤنڈ میں پہنچ گئے ، بیڈمنٹن مسکڈ ٹیم ایونٹ میں گرین شرٹس کو ابتدائی دونوں میچز میں شکست ہوگئی جبکہ پہلے دن برطانیہ چھ سونے کے تمغے حاصل کرکے بارہ میڈلز کے ساتھ سرفہرست ہے، آسٹریلیا پانچ گولڈ میڈلز کے ساتھ پندرہ تمغے لے کر دوسرے جبکہ ملائیشیا دو گولڈ میڈلز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے ۔گولڈکوسٹ میں جاری 21ویں دولت مشترکہ گیمز میں ایونٹ کے ابتدائی روز طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ کی 62 کے جی کیٹگری کے اسنیچ ایونٹ میں حریف ویٹ لفٹرز سے 5 کلوزائد ریکارڈ 132 کلووزن اٹھایا جبکہ کلین اینڈ جرک میں 151 کلوگرام سمیت مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے برانز میڈل کے حقدار قرار پائے ۔ جبکہ ملائیشیا کے محمد ازنل بیدن نے 288 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے گولڈ جبکہ پاپوانیوگنی کے موریا بارو نے286 کلوگرام وزن اٹھا کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔




گولڈکوسٹ: پاکستانی تن ساز طلحہ طالب ویٹ لفٹنگ میں جیتا کانسی کا تمغہ دکھاتے ہوئے

روزنامہ ایکسپریس

## ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام وزن اٹھاکر نیا گیمز ریکارڈ قائم کر دیا، کلین اینڈ جرک کی تیسری کوشش میں ناکام رہنے پر سونے کا تمغہ نہ جیت پائے

## پاکستانی ہاکی ٹیم نے ویلز کو ہرانے کا موقع گنوادیا، مقابلہ برابر، باکسر گل زیب نے پہلا مرحلہ عبور کر لیا، سوئمنگ ہیٹ میں حسیب طارق کا سیکنڈ لاسٹ نمبر

## اسکواش میں فرحان زمان اور طیب اسلم اگلے راؤنڈ میں پہنچ گئے، خواتین پلیئرز مدینہ ظفر اور فائزہ کو شکست، پاکستانی بیڈ منٹن ٹیم کو اسکاٹ لینڈ نے مات دیدی

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی ویٹ لفٹر طلحہ طالب کے گلے میں برانز میڈل جگمگانے لگا، انھوں نے اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام وزن اٹھاکر نیا گیمز ریکارڈ قائم کر دیا، کلین اینڈ جرک کی تیسری کوشش میں ناکام رہنے پر وہ سونے کا تمغہ نہ جیت پائے۔ہاکی میں گرین شرٹس نے ویلز کو زیر کرنے کا موقع گنوادیا، افتتاحی معرکہ 1-1 گول سے برابر رہا، ٹیم اب ہفتے کو روایتی حریف بھارت سے ٹکرائے گی۔باکسنگ میں گل زیب نے پہلا مرحلہ عبور کر لیا،اسکواش میں فرحان زمان اور طیب اسلم اگلے راؤنڈ میں پہنچ گئے، ویمنز ایونٹ میں مدینہ ظفر اور فائزہ ظفر کو مات ہوگئی۔ بیڈ منٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی اسکاٹ لینڈ کیلیے تر نوالہ ثابت ہوئے، پانچوں مقابلوں میں بُری طرح شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ مینز 100 میٹر بیک اسٹروک سوئمنگ ہیٹ میں ہی پاکستان کے حسیب طارق کی ہمت جواب دے گئی، وہ سیکنڈ لاسٹ نمبر پر رہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھاکر کامن ویلتھ گیمز کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا تاہم وہ گولڈ میڈل حاصل کرنے میں ناکام رہے، ان کی مہم کا اختتام برانز میڈل پر ہوا۔ کریرا اسپورٹس سینٹر میں طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھایا۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے طلحہ نے ایک برس قبل گولڈ کوسٹ میں ہی کامن ویلتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ اس بار انھوں نے پہلی کوشش میں 127، دوسری میں 130 اور پھر تیسری کوشش میں 132 کے جی وزن اٹھایا جو ان گیمز کا ریکارڈ ہے، مگر اس وقت انھوں نے سونے کا تمغہ جیتنے کا موقع گنوادیا جب دوسرے کلین اینڈ جرک میں 151 کے جی اٹھانے کے بعد تیسری کوشش میں اس سے زائد وزن اٹھانے میں ناکام رہے۔ ملائیشیا کے ایزل بیڈائن نے 288 کے جی وزن کے ساتھ سونے اور پاپوا نیو گینی کے موریا بارو 286 کے جی سلور میڈل اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے۔ اس موقع پر موجود پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سیّد عارف حسن، سیکریٹری جنرل محمد خالد محمود اور قومی دستے کے چیف ڈی مشن لیفٹنٹ جنرل (ر) مزمل حسین نے کانسی کا تمغہ جیتنے پر قومی ویٹ لفٹر کو مبارکباد پیش کی۔ ہاکی میں پاکستان اور ویلز کا میچ ایک ایک گول سے برابر رہا۔ پہلے کوارٹر میں دونوں جانب سے بھرپور حملوں کے باوجود کوئی گول نہیں ہوا، تیسرے کوارٹر میں دونوں گول بنے، ویلز کی جانب سے روپرٹ شپرلی نے گیند کو جال میں پہنچایا جبکہ گرین شرٹس کے مبشر علی نے پنالٹی کارنر کو کارآمد بنایا۔ پاکستان کا ہفتے کو روایتی حریف بھارت سے مقابلہ ہوگا۔ باکسنگ 69 کے جی کیٹیگری میں پاکستان کے گل زیب نے ابتدائی راؤنڈ میں گیورنسی کے ولیم لی پولینکو کو 2-3 کے فیصلے پر شکست دی، اب ان کا اگلا مقابلہ ناردرن آئرلینڈ کے ایڈین والش سے ہفتے کو ہوگا۔ اسکواش میں پاکستانی طیب اسلم نے برٹش ورجن آئی لینڈ کے نیوائل سورنٹینو کو 0-3 سے ٹھکانے لگایا، اب ان کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ کے نمبرون پلیئر ایلین کلین سے ہوگا، قومی نمبرون پلیئر فرحان زمان نے برٹش ورجن آئی لینڈ کے جوئے چیپ مین کو 1-3 سے زیر کیا۔ خواتین کے اسکواش مقابلوں میں پاکستان کی مدینہ ظفر کو ویلز کی ڈیون سیفری نے 0-3 سے زیر کیا، آسٹریلیا کی ڈونا لارک ہرٹ نے فائزہ ظفر کو اسی مارجن سے شکست دی۔ بیڈ منٹن کے مکسڈ ٹیم ایونٹ میں پاکستان کو اسکاٹ لینڈ کے ہاتھوں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، مراد علی اور پلوشہ بشیر پر مشتمل پاکستانی جوڑی کو الیگزینڈر ڈون اور ال ینور ڈوئل نے 0-2 سے زیر کیا۔ مینز سنگلز میں محمد عرفان کو کیرن مارلیس کے ہاتھوں 2-0 سے شکست ہوئی۔ ویمنز سنگلز میں ماہور شہزاد کو کرسٹی گلیمور نے مات دی، مینز ڈبل میں مراد حسین اور عرفان کو مارٹن کیمبل اور پیٹرک نے زیر کیا۔ ویمنز ڈبلز میں پلوشہ بشیر اور ماہور شہزاد کو جولی میکفرسن اور ایلینور نے شکست دی۔ مینز 100 میٹر بیک اسٹروک سوئمنگ ہیٹ میں ہی پاکستان کے حسیب طارق کی ہمت جواب دے گئی اور وہ سیکنڈ لاسٹ نمبر پر رہے۔

Daily KHABRAIN
روزنامہ خبریں

# کامن ویلتھ گیمز: طلحہ نے پاکستان کیلئے پہلا میڈل جیت لیا

## ویٹ لفٹنگ کے 62 کے جی سٹیج ایونٹ میں قومی پلیئر نے مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھایا، ملائیشیا کے ازنیل نے طلائی تمغہ جیتا

## ہاکی میں پاکستان اور ویلز کا میچ 1-1 سے برابر، علی مبشر نے قومی ٹیم کیلئے گول کیا، ٹیبل پر 6 گولڈ سمیت 12 میڈلز کیساتھ سرفہرست

گولڈ کوسٹ (نیوز ایجنسیاں) کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے پاکستان کے لیے پہلا میڈل جیت لیا۔ جبکہ پاکستان اور ویلز کے مابین ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا۔ گولڈ کوسٹ میں جاری 21 ویں دولت مشترکہ گیمز میں طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ کی 62 کے جی کیٹگری کے سٹیج ایونٹ میں حریف ویٹ لفٹرز سے 5 کلو زائد ریکارڈ 132 کلو وزن اٹھایا جب کہ کلین اینڈ جرک میں 151 کلوگرام سمیت مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے برانز میڈل کے حقدار قرار پائے۔ واضح رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز 2018 میں پاکستان کا پہلا میڈل ہے۔ گولڈ کوسٹ کوئینز لینڈ آسٹریلیا 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہونے والا ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا پہلے دو کوارٹرز میں دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کر سکیں، میچ کے دونوں گول تیسرے کوارٹر میں ہوئے، پاکستان کی جانب سے مبشر علی نے پنالٹی کارنر پر گول کرتے ہوئے ٹیم کو برتری دلائی جس کے بعد ویلز کی جانب سے روبرٹ شپرلے نے گیند کو جال میں پہنچایا، اس کے بعد کوئی ٹیم گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی اور مقابلہ 1-1 سے برابر رہا۔ قومی ٹیم اگلا میچ کل روایتی حریف بھارت کیخلاف کھیلے گی۔

# گولڈ کوسٹ گیمز: فرحان پہلے امتحان میں سرخرو

## قومی سکواش سٹار نے انگلش حریف چیمان کو 1-3 سے قابو کیا، طیب اسلم کی بھی کامیابی





گولڈ کوسٹ (اے پی پی) کامن ویلتھ گیمز مینز سکوائش ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی فرحان زمان اور طیب اسلم فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ جمعرات کو آسٹریلیا میں شروع ہونے والے میگا گیمز کے ابتدائی روز سکوائش مینز سنگلز ایونٹ میں پاکستانی کھلاڑی فرحان زمان نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے برطانوی کھلاڑی جوئے چپمان کو سخت مقابلے کے بعد 11-6، 9-11، 11-4 اور 11-6 سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا، ایک اور میچ میں پاکستان کے طیب اسلم نے برطانیہ کے ہی نیولی سورٹھیو کو 11-3، 11-4 اور 11-4 سے ہرا کر دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنائی، دوسرے راؤنڈ میں فرحان زمان کو انگلینڈ کے جیمز ولسٹروپ اور طیب کو سکاٹش کھلاڑی ایلن کلائن کا چیلنج درپیش ہوگا۔

# کامن ویلتھ گیمز بیڈمنٹن، پاکستانی مکسڈ ٹیم ابتدائی دونوں میچز ہار گئی

گولڈ کوسٹ (اے پی پی) پاکستان کو کامن ویلتھ گیمز بیڈمنٹن مکسڈ ٹیم ایونٹ میں ابتدائی دونوں میچز میں شکستوں کا سامنا کرنا پڑا۔ میگا گیمز میں مکسڈ ٹیم ایونٹ کے پہلے میچ میں سکاٹ لینڈ نے پاکستان کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 5-0 سے ہرایا۔

Daily SAMA
روزنامہ سما

# کامن ویلتھ گیمز پاکستان نے پہلا میڈل جیت لیا

پاکستانی طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ کی 62 کے جی کیٹگری کے سنیچ ایونٹ میں حریف ویٹ لفٹرز سے 5 کلوزائد ریکارڈ 283 کلوگرام وزن اٹھایا، اور برانز میڈل جیت لیا

کامن ویلتھ گیمز کے ہاکی ایونٹ میں پاکستان اور ویلز کے مابین میچ ایک ایک گول سے برابر رہا، قومی ٹیم اگلا میچ ہفتے کو روایتی حریف بھارت کیخلاف کھیلے گی

آسٹریلیا (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے پاکستان کے لیے پہلا میڈل جیت لیا۔ گولڈ کوسٹ میں جاری 21ویں دولت مشترکہ گیمز میں طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ کی 62 کے جی کیٹگری کے سنیچ ایونٹ میں حریف ویٹ لفٹرز سے 5 کلوزائد ریکارڈ 132 کلو وزن اٹھایا جب کہ کلین اینڈ جرک میں 151 کلوگرام سمیت مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے برانز میڈل کے حقدار قرار پائے۔ واضح رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز 2018 میں پاکستان کا پہلا میڈل ہے۔ دوسری طرف کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا۔ گولڈ کوسٹ کوئینز لینڈ آسٹریلیا 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہونے والا ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا پہلے دو کوارٹرز میں دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کر سکیں، میچ کے دونوں گول تیسرے کوارٹر میں ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے مبشر علی نے پنالٹی کارنر پر گول کرتے ہوئے ٹیم کو برتری دلائی جس کے بعد ویلز کی جانب سے روبرٹ شیرلے نے گیند کو جال میں پہنچایا اس کے بعد کوئی ٹیم گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی اور مقابلہ 1-1 سے برابر رہا۔ قومی ٹیم اگلا میچ ہفتے کو روایتی حریف بھارت کیخلاف کھیلے گی۔




پاکستانی ویٹ لفٹر طلحہ طالب کامن ویلتھ گیمز میں 283 کلوگرام وزن اٹھاتے ہوئے انہوں نے پاکستان کے لئے برانز میڈل حاصل کیا

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی



# کامن ویلتھ گیمز — پاکستان اور ویلز کا افتتاحی ہاکی مقابلہ برابر — ویٹ لفٹر طلحہ کانسی کا تمغہ جیت گئے

پاکستانی تن ساز طلحہ طالب کانسی کا تمغہ دکھاتے ہوئے

سکاٹ لینڈ نے جنوبی افریقہ کو 4-2 سے ہرایا، پاکستانی لفٹر نے حریف سے 5 کلوزائد ریکارڈ 132 کلو وزن اٹھایا، سکوائش میں پاکستانی فرحان اور طیب دوسرے راؤنڈ میں داخل

گولڈ کوسٹ (افضل افتخار سے) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا۔ سکاٹ لینڈ نے جنوبی افریقہ کو 4-2 گولز سے ہرا کر ایونٹ کا فاتحانہ طریقے سے آغاز کیا۔ گولڈ کوسٹ کوئینز لینڈ آسٹریلیا 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان اور ویلز کے مابین ہونے والا ہاکی کا افتتاحی میچ 1-1 سے برابر رہا پہلے دو کوارٹرز میں دونوں ٹیمیں کوئی گول نہ کر سکیں، میچ کے دونوں گول تیسرے کوارٹر میں ہوئے، پاکستان کی جانب سے مبشر علی اور ویلز کی جانب سے روبرٹ شیرلے نے گول کیے۔ قومی ٹیم اگلا میچ ہفتے کو روایتی حریف بھارت کیخلاف کھیلے گی۔ دوسری جانب پاکستانی تن ساز طلحہ طالب نے کامن ویلتھ گیمز ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ انہوں نے 62 کلوگرام کیٹگری میں مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھا کر ملک کیلئے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ گیمز کے ابتدائی روز ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں مینز 62 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں پاکستانی تن ساز طلحہ طالب نے مجموعی طور پر 283 کلوگرام وزن اٹھا کر کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

روزنامہ **میٹرو واچ**

# کامن ویلتھ گیمز — ویٹ لفٹنگ میں کانسی کا تمغہ، ہاکی برابر، سکواش، بیڈمنٹن میں فارغ

## طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں 283 کے جی وزن اٹھا کر 21 ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستان کیلئے برونز میڈل حاصل کیا

### ہاکی کا مقابلہ برابر رہا، بیڈمنٹن کے مردوں خواتین مقابلوں میں شکست کا سامنا ، سکواش میں بھی مردوں اور خواتین کا بھی سفر دوسرے راونڈ میں تمام

گولڈ کوسٹ (کوئنز لینڈ آسٹریلیا) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے ویٹ لفٹنگ اسنیچ ایونٹ میں 132 کلوگرام ویٹ اٹھا کر کامن ویلتھ گیمز میں نیا ریکارڈ قائم کر دیا کریرا اسپورٹس سینٹر (Carrara Sports Centre) میں ہونے والے ایونٹ میں طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21 ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستان کیلئے برونز میڈل حاصل کیا اس موقع پر موجود پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹننٹ جنرل (ر) سید عارف حسن، سیکرٹری جنرل پی او اے محمد خالد محمود اور قومی دستے کے چیف ڈی مشن لیفٹننٹ جنرل (ر) مزمل حسین نے میڈل جیتنے پر قومی ویٹ لفٹر کو مبارکباد پیش کی باکسنگ ایونٹ میں 69 کے جی کیٹیگری کے مقابلے میں پاکستان کے گل زیب نے گیورنسی (Guernsey) کے لی پولیم (Le Pawilliam) کو 3-2 کے فیصلے پر شکست سے دوچار کیا گل زیب کا اگلا مقابلہ نارتھ آئر لینڈ کے والش اے (Walsh A) کے ساتھ 7 اپریل کو ہوگا ہاکی میں پاکستان اور ویلز کے مابین کھیلا گیا میچ ایک ایک گول سے برابر رہا اسکواش میں پاکستان کے طیب اسلم نے پہلے راؤنڈ میں برٹش ورجن آئی لینڈ کے نیول سورنٹینو (Neville Sorrentino) کو تین صفر 11-4 11-4 11-3 سے شکست دی لیکن دوسرے راؤنڈ میں سکاٹ لینڈ کے ایلن کلائن نے طیب اسلم کو ہرا کر ٹورنامنٹ سے آؤٹ کر دیا، فرحان زمان نے بھی پہلے راؤنڈ میں برٹش ورجن آئی لینڈ کے جوئے چیپمین (Joe Chapman) کو 3-1 (11-6 11-6 11-4 9-11) شکست دی لیکن دوسرے راؤنڈ میں انگلینڈ کے جیمس ولسٹرپ سے شکست کھا کر ٹورنامنٹ سے آؤٹ ہو گئے۔ جبکہ خواتین ایونٹ میں ویلز کی ڈیون سطرے نے پاکستانی کی مدیحہ ظفر کو 3-0 (11-6 11-4 11-8) جبکہ آسٹریلیا کی ڈونا (Donna Urquhart) نے فائزہ ظفر کو 3-0 سے ہرا دیا، بیڈمنٹن کے مکس ٹیم ایونٹ میں اسکاٹ لینڈ نے پاکستان کو 5-0 سے ہرا دیا مکس ڈبل میں الیگزینڈر ڈن (Alexander Dunn) اور ایلیانور ڈول (Eleanor O Donnel) کی جوڑی نے مراد علی اور پلوشہ بشیر کو 21-12 21-13 سے مینز سنگل میں کیرن مارلیس (Kieran Marrilees) محمد عرفان بھٹی کو 21-16 21-6 سے ویمنز سنگل کرسٹی گلمور (Kirsty Gilmour) نے ماہور شہزاد کو 21-10 21-6 سے مینز ڈبل میں مارٹن کیمبل (Martin Cambell) اور پیٹرک (Patrick Maxhugh) نے مراد حسین اور عرفان بھٹی کو 21-8 21-10 سے جبکہ ویمنز ڈبل میں جولی (Julie Macpherson) اور ایلیانور (Eleanor O

from this page ? X

**Daily Times**

Your right to know — A new voice for a new Pakistan

## Gold Coast Commonwealth Games 2018

# Pakistan's Talib bags bronze medal in weightlifting



**LAHORE:** Talha Talib, an 18-year-old weightlifter from Gujranwala, on Thursday won the first medal for Pakistan in the ongoing Commonwealth Games in Gold Coast, Australia Talib, competing in the 62kg category, lifted a total of 283kg to claim the bronze medal. He also created a Commonwealth Games record by lifting 132kg in the snatch event. Malaysia's Muhammad Aznl Bidin grabbed gold medal while Papua New Guinea's More Baru won the silver medal in the category. However, there was little to cheer in the day for Pakistani fans. The national badminton team were brushed aside 5-0 by Scotland. Scotland's Alexander Dunn and Eleanor O' Donnell defeated Pakistan's Murad Ali and Palwasha Bashir 21-13 and 21-12 in mixed doubles. Kieran Merrilees beat Irfan Saeed Bhatti (21-6, 21-16) in men's singles while Kirsty Gilmour beat Mahnoor Shahzad (21-6, 21-10) in women's singles. In men's doubles, the Ali-Bhatti duo lost (21-8, 21-10) against Scottish Martin Campbell and Patrick Maghugh while Julie Macpherson and Eleanor O'Donnell won (21-6, 21-4) against Mahnoor Shahzad and Palwasha Bashir in a game that lasted only 20 minutes. Meanwhile, Pakistan boxer Gul Zaib won in the round of 32 against Guernsey's William Le Poullain. Squash players Farhan Zaman and Tayyab Aslam also won their initial games, respectively, but lost subsequent matches in the round of 32.

INTERNATIONAL
THE NEWS e-PAPER
Editor-in-chief: Mir Shakil-ur-Rahman

# Talha takes first medal for Pakistan




**GOLD COAST: Talha Talib displays his bronze medal.**

KARACHI: As expected Pakistan's rookie weightlifter Talha Talib handed Pakistan a respect when he not only lifted bronze but also created a snatch record in the Commonwealth Games 62 kilogramme weightlifting competitions in Gold Coast, Australia, on Thursday.

The 18-year old Talha from Gujranwala, who was expected to take either gold or silver, had to content with the bronze by lifting a weight of 283 kilogramme in the 62kg competitions. He lifted 132 kg in snatch, creating Games record. His effort in clean and jerk remained 151 kg that helped the youngster to give Pakistan its first medal of the 71-nation Games which had been formally opened on Wednesday.

Talha also made his Games debut. Last year in the same city Talha had clinched gold in the Commonwealth Junior Championship and silver in the senior category of the event. His best effort in snatch in his gold-studded stint in the junior category was 126 kg, which shows that he has improved a lot. The gold went to Malaysia's Muhammad Aznil Bidin with a total of 288kg which carried 126 in snatch and 162 in clean and jerk. Morea Baru of Papua New Guinea got silver with a total of 286 kg, 127kg in snatch and 159kg in clean and jerk.

Meanwhile Pakistan' most experienced weightlifter Abdullah Ghafoor failed to impress, finishing sixth in the 56kg competitions out of 12 competitors. Lahore-born 31-year old Abdullah lifted a total weight of 226kg which included 101kg in snatch and 126kg in clean and jerk.

The gold in this category went to Malaysia's Muhammad Azroy with a total of 261kg, a new Games record. He lifted 117 kg in snatch, which is also the Games record and 144kg in clean and jerk. India's Gururaja took silver with 249 kg (111kg and 138kg). Chaturanga Lakmal of Sri Lanka claimed bronze with 248kg (114kg and 119kg). In boxing it was also a good start for Pakistan as Gul Zeb defeated Leroy Hindley of Guernsey 3-2 in the round of 32 to qualify for the pre-quarter-finals. "Gul played really well," Pakistan coach Arshad Hussain told 'The News' from Gold Coast. Gul on Saturday (tomorrow) will take on Aidan Walsh of the Northern Ireland in the pre-quarter-finals. In swimming Pakistan's Syed Mohammad Haseeb Tariq falteredat the initial stage when he failed to qualify for the next round, finishing seventh in his 100m backstroke heat and 19th overall out of 24 swimmers competed in the heats. Haseeb clocked 59.39 seconds.

Top 16 progressed to the next stage.It was a poor day for Pakistan's badminton as they were completely humiliated by both Scotland and India with an identical margin of 5-0 in their mixed team event Group A competitions.

In the mixed doubles, the pair of Alexander Dunon and Eleanor O'Donnel prevailed over Murad Ali and Palwasha Bashir 21-12, 21-13. In the men's singles Kieran Merrilees defeated Mohammad Irfan Saeed 21-6, 21-16 to stretch Scotland lead to 2-0.

In the women's singles, Kirsty Gilmeur defeated Mahoor Shehzad 21-6, 21-10 to make it 3-0. In the men's doubles the pair of Martin Campbell and Patrick Machugh defeated Murad and Irfan 21-8, 21-10. In the women's doubles Julie Macpherson and Eleanor O'Donnel overwhelmed Mahoor Shehzad and Palwasha 21-6, 11-4.

And the same was the story against strong India as Pakistani shuttlers were greatly exposed.In the mixed doubles, the pair of Satwik Rankireddy and N Sikki Reddy defeated Irfan Saeed Bhatti and Palwasha 21-10, 21-13.

In men's singles India's Srikanth Kidambi defeated reigning national champion Murad Ali 21-16, 22-20 to make it 2-0. In the women's singles India's star shuttler and the 2016 Rio Olympics silver medallist Saina Nehwal defeated national champion Mahoor Shehzad 21-7, 21-11.

In the men's doubles, the pair of Pranaav Chopra and Chirag Chandrashekhar got the better of Irfan and Murad 21-9, 21-15 to stretch the lead to 4-0. In the women's doubles, Ashwini and Ruthvika defeated Mahoor and Palwasha with an enviable ease 21-6, 21-10.

Pakistan, which have already been put out of the event with two back-to-back defeats, will now face Sri Lanka in their last fixture on Friday (today). In squash, too, it was a poor day for the country as four of their players, two male and two female, were shown exit doors in the singles competitions.

Tayyab Aslam lost 1-3 to Alan Clyne of Scotland in the round of 32 fixture and was exited. Earlier, Tayyab defeated Neville Sorrentino of British Virgin Islands 3-0 in only 12 minutes in the round of 64 outing. The game score was 11-3, 11-4, 11-4.

Farhan Zaman also exited when he faced a 0-3 defeat at the hands of James Willstrop of England in the round of 32 fixture. The set score was 11-5, 11-1, 11-7. Earlier Farhan got the better of Joe Chapman of British Virgin Islands 3-1 in the round of 64 clash to progress to the next stage. The game was 11-6, 9-11, 11-4, 11-6.

Madina Zafar went 0-3 down to Deon Saffery of Wales in the women's singles round of 64 meeting to face a premature exit. The game score was 11-8, 11-4, 11-6. Faiza Zafar was undone by Donna Urquhart of Australia 3-0 in the round of 32 women's singles fixture. In table tennis Pakistan will begin its journey on April 10 as the country, featuring four players, will feature in the men's singles, men's doubles, women's singles and women's doubles.

Young Fahad Khawaja, Mohammad Rameez, Hareem Anwar and Fatima Khan are part of Pakistan's squad.

THE EXPRESS TRIBUNE

Pakistan at Commonwealth Games

# Weightlifter breaks record, others disappoint

## Talib lifts 132kg in snatch to open medals tally for country with bronze

OUR CORRESPONDENT
KARACHI

The 18-year-old Talha Talib smashed the Commonwealth record with 132kg in the snatch event and opened the tally for Pakistan as he took bronze medal in the 62kg weightlifting competition at the Commonwealth Games 2018 in Gold Coast on Thursday.

The Gujranwala-based athlete had earlier won gold in the Commonwealth Weightlifting Championships in Gold Coast last year, while he had been dreaming of representing the country at the Olympics in 2020.

The national champion, in 62kg category, lifted a total weight of 283kg. He made a new record at the games in snatch as he lifted 132kg in the third attempt with 127kg and 130kg in the first two attempts respectively.

He lost the chance to lift gold after he lifted 151kg in the second clean and jerk attempt and failed to lift more in the third which cost him the gold.

He lost to Malaysia's Anzil Bidin, who lifted 288kg for gold and Papua New Guinea's Morea Baru who lifted 286kg for silver.

Pakistan Weightlifting Federation had been preparing the athletes for the event for over a year and the country will be pinning their hopes on Nooh Dastagir Butt now in the +105kg.

Pakistan has fielded weightlifters in five categories and the squad has two reserved players as well.




**BETTERED:** Talha Talib registered a new record at the Games in snatch as he lifted 132kg in the third attempt with 127kg and 130kg in the first two attempts, respectively. PHOTO COURTESY: PWF

### Men's hockey team pulls off draw

Pakistan national men's team drew their first match 1-1 against Wales in the opening encounter of the field hockey event at the Commonwealth Games at Gold Coast Hockey Centre on Thursday.

The 13th-ranked Pakistan team, with experienced players in their ranks, were only able to score one goal against the 24th-ranked Wales.

Both teams started the match aggressively and played two goalless quarters, but unexpectedly Wales drew first blood and Pakistan were seen looking to comeback in the match in the remaining time.

"This was our first game here and we are getting used to the conditions here," Pakistan skipper Muhammad Rizwan senior told *The Express Tribune*. "Our coach had told us that we have to concentrate on the game and get used to the conditions for the next big match against India."

Rizwan Sr then blamed poor showing by the team for the draw but hoped team would gee up for the next encounter against India on April 7.

"We made mistakes and missed chances which caused this draw. We could have won the match since Wales is an inexperienced team and we have experienced players. However, we are hoping to recover and prepare better for the match against India," he said.

### Other sports

In the badminton event, Pakistan lost 5-0 to Scotland in the group stage of the mixed team event.

In the mixed double event, Pakistan's Murad Ali and Palwasha Bashir lost 0-2 to Alexander Dunn and Eleanor O'Donnell.

In the men's single event, Muhammad Irfan Saeed Bhatti lost 2-0 to Kleran Merrilees with sets of 6-21 and 16-21. In women's single event, Mahoor Shehzad lost 2-0 to Kirsty Gilmour.

In men's double event, Pakistan's Ali and Bhatti lost to Scotland's Martin Campbell and Patrick Machugh 2-0 with the sets of 8-21 and 12-21. In Women's double event, Mahoor and Palwasha also lost to Julie Macpherson and Eleanor 2-0 with the sets of 6-21 and 4-21. (WITH ADDITIONAL REPORTING BY NABIL TAHIR)

PAKISTAN OBSERVER

Commonwealth Games

# Weightlifter Talha wins bronze for Pakistan

GOLD COAST (AUSTRALIA)

Weightlifter Talha Talib clinched the first medal for Pakistan at the Commonwealth Games 2018, which got under way in Gold Coast, Australia from Thursday.

Talha Talib won the bronze medal in the 62kg category, lifting a total of 283kg. He also established a new record at the Commonwealth Games by lifting 132kg in snatch.

Earlier today, Pakistani squash players and boxers won their opening matches as well. Boxer Gul Zaib won his first fight in the 69kg boxing competition, beating Guernsey's William Le Poullain.

Zaib will next take on Northern Ireland's Aidan Walsh on Saturday, April 7.

In squash, Pakistan's No. 1 player Farhan Zaman won his match against Joe Chapman of British Virgin Islands. He will face James Willstrop of England later today.

Squash player Tayyab Aslam also beat his opponent Neville Sorrentino of the British Virgin Islands. He will next face Scottish No. 1 player Alan Clyne.

Pakistan hockey team drew their match against Wales 1-1. Pakistan will take on India in a much-awaited hockey contest on Saturday, April 7.

Nineteen gold medals are up for grabs on the opening day of the Games, which feature more than 4,000 athletes from 71 nations and territories. Fifty-six Pakistani athletes will be in action at the Commonwealth Games in Australia.—Agencies




**Pakistani weightlifter Talha Talib won bronze medal in 62kg weightlifting category at the Commonwealth Games 2018.**

نوائے وقت

05 April, 2018

# کامن ویلتھ گیمز کی رنگارنگ افتتاحی تقریب' 56 رکنی پاکستانی دستہ بھی شامل

## شہزادہ چارلس' شہزادی کمیلا نے افتتاح کیا' سٹیڈیم کے باہر مظاہرہ' پولیس نے 3 کو گرفتار کرلیا



لاہور (سپورٹس رپورٹر+نمائندہ سپورٹس) اکیسویں کامن ویلتھ گیمز کی رنگارنگ افتتاحی تقریب ہوئی جس میں میزبان آسٹریلیا سمیت 71 اقوام کی ٹیموں نے مارچ پاسٹ کیا۔ سٹیڈیم کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجایا گیا' آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا اور کامن ویلتھ گیمز کی مشعل بھی روشن کی گئی۔ کھلاڑیوں کا جوش وخروش خوب تھا۔ پاکستان کا 56 رکنی دستہ بھی میڈلز کی دوڑ میں شامل ہے۔ ٹیمیں 18 سپورٹس کے 275 ایونٹس میں شرکت کریں گی۔ قومی کھلاڑی ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، ہاکی، باکسنگ، ٹیبل ٹینس، سوئمنگ، سکواش، شوٹنگ، ویٹ لفٹنگ اور ریسلنگ میں سبز ہلالی پرچم کو بلند کرنے کا جذبہ دکھائیں گے۔ میڈلز کی دوڑ پندرہ اپریل تک جاری رہے گی۔ 35 ہزار سے زائد افراد سٹیڈیم میں موجود تھے۔ برطانوی شہزادہ چارلس اور شہزادی کمیلا تقریب کے مہمان خصوصی تھے اور گیمز کا افتتاح کیا۔ گیمز پندرہ اپریل تک جاری رہیں گی۔ افتتاحی تقریب کے دوران سو سے زائد افراد نے احتجاجی مظاہرہ بھی کیا۔ پہلی بار مینز اور ویمنز کیلئے میڈلز کی تعداد ایک جیسی رکھی گئی ہے۔ شہزادہ چارلس نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اور میری بیوی تقریب میں آکر بہت خوش ہیں۔ دریں اثناء سٹیڈیم کے باہر مظاہرین اور پولیس کے درمیان تصادم ہوگیا جس کے بعد تین مظاہرین کو گرفتار کرلیا گیا۔ مظاہرین بغیر ٹکٹ کے سٹیڈیم داخلے کی کوشش کررہے تھے۔ گرفتار مظاہرین میں ایک مرد اور دو خواتین شامل ہیں۔

روزنامہ دنیا

## کامن ویلتھ گیمز، پہلا دن، انگلینڈ میڈلز ٹیبل پر سرفہرست

گولڈکوسٹ (اے ایف پی) کامن ویلتھ گیمز کے پہلے دن برطانیہ 6 سونے کے تمغے حاصل کر کے 12 میڈلز کیساتھ سرفہرست ہے، آسٹریلیا 5 گولڈ میڈلز کے ساتھ 15 تمغے لیکر دوسرے جبکہ ملائیشیا 2 گولڈ میڈلز کیساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی روز انگلینڈ 12 میڈلز کیساتھ سرفہرست رہا جس میں 6 سونے، چاندی اور کانسی کے تین تین تمغے شامل ہیں۔ آسٹریلیا 5 گولڈ، 4 سلور اور 6 کانسی کے میڈلز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ کینیڈا نے ایک گولڈ، 3 سلور اور 3 چاندی کے تمغے حاصل کئے۔ سکاٹ لینڈ نے ایک سونے، دو چاندی اور دو کانسی کے تمغے جیتے۔ نیوزی لینڈ ایک گولڈ اور دو چاندی، سری لنکا نے دو کانسی اور ویلز نے ایک چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

Daily JEHAN PAKISTAN

جہان پاکستان



گولڈکوسٹ: شہزادہ چارلس اور ملکہ الزبتھ کو کامن ویلتھ گیمز میں خواتین کھلاڑیوں کیساتھ گروپ فوٹو